جوابی کاپی کا سیریل نمبر | رول نمبر

# مطالعہ پاکستان نیو سکیم (حصہ معروضی) گروپ اوّل

014/1 سیکنڈری (جماعت 9th) پارٹ - 1

وقت : 15 منٹ — کل نمبر : 10

دستخط نائب ناظم/ناظمہ مرکز — دستخط امیدوار

نوٹ: اپنا رولنمبر اور دستخط اسی پرچہ میں دی گئی جگہ پر ثبت کیجئے۔ تمام سوال اسی کاغذ پر ہر سوال کے سامنے دی گئی ہدایات کے مطابق حل کیجئے۔ کاٹ کر / مٹا کر یا لیڈ پنسل سے تحریر کردہ جواب کا کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔

-1 ہر سوال کے دیے ہوئے چار ممکنہ جوابات میں سے درست جواب کو کالم (ر) میں لکھیے۔ ٹک ( ✓ ) کا نشان ہرگز نہ لگائیں۔ بصورت دیگر نمبر نہیں ملیں گے۔ (10)

| نمبر شمار | سوالات | ا | ب | ج | د | درست جواب اس کالم میں لکھیں (ر) |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جنگ آزادی کب لڑی گئی؟ | 1855 | 1857 | 1859 | 1861 | |
| 2 | قیام پاکستان کس صدی کا واقعہ ہے؟ | اٹھارہویں | انیسویں | بیسویں | اکیسویں | |
| 3 | تجاویز دہلی کا سن ہے۔ | 1926 | 1927 | 1928 | 1929 | |
| 4 | تقسیم ہند کے وقت برصغیر میں کتنی دیسی ریاستیں تھیں؟ | 605 | 615 | 625 | 635 | |
| 5 | پاکستان کا قومی پرندہ ہے۔ | چکور | طوطا | باز | شکرا | |
| 6 | کے ٹو کی لمبائی کتنی ہے؟ | 8511 میٹر | 8611 میٹر | 8711 میٹر | 8811 میٹر | |
| 7 | کوہستان ہندوکش کی بلندترین چوٹی ہے۔ | ملکہ پربت | ترچ میر | نانگاپربت | ایورسٹ | |
| 8 | مشرقی پاکستان ایک الگ وطن بنگلہ دیش کے نام سے دنیا کے نقشے پر کب نمودار ہوا؟ | 1969 | 1970 | 1971 | 1972 | |
| 9 | اقوام متحدہ کی کوششوں سے 1965ء کی جنگ کب بند ہوئی؟ | 12 ستمبر 1965 | 15 ستمبر 1965 | 20 ستمبر 1965 | 23 ستمبر 1965 | |
| 10 | جنرل محمد یحییٰ خان نے کب حکومت سنبھالی؟ | مارچ 1969ء | اپریل 1970ء | دسمبر 1971ء | جون 1972ء | |

# مطالعہ پاکستان (گروپ اوّل)

014/1

سیکنڈری جماعت نہم (پارٹ - I)

(نیو سکیم)

(حصہ انشائیہ)

وقت : 1:45 گھنٹہ

کل نمبر: 40

## (حصہ اوّل)

-2 کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 = 6 x 2)

(1) اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ کا ترجمہ لکھیے۔

(2) ڈاکٹر جارج براس (Dr. George Brass) کے الفاظ میں نظریہ کی تعریف کریں۔

(3) ویول پلان کے کوئی سے دو نکات لکھیے۔

(4) کابینہ مشن پلان کے مطابق حق استرداد (ویٹو) سے کیا مراد ہے؟

(5) 21 مارچ 1948ء کو ڈھاکہ کے عوام سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظمؒ نے کیا فرمایا؟

(6) علامہ اقبال نے مسلم ملت کی اساس کے حوالے سے کیا فرمایا؟

(7) جناح ؒ گاندھی مذاکرات 1944ء میں قائداعظمؒ کا جواب تحریر کیجئے۔

(8) رولٹ ایکٹ 1919ء پر قائداعظم کا موقف بیان کیجئے۔

(9) نوآبادیاتی نظام سے کیا مراد ہے؟

شاہین فوٹو سٹیٹ
0346-7514255

-3 کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (12 = 6 x 2)

(1) جنگلات کی بہتری کیلئے حکومت کون کون سے اقدامات کر رہی ہے۔ (کوئی سے چار تحریر کریں)

(2) پاکستان میں واقع چار بڑے گلیشیرز کے نام لکھیے۔

(3) زمینی آلودگی کیا ہے؟

(4) طبعی لحاظ سے پاکستان کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟ (صرف نام تحریر کریں)

(5) ایوب خاں کی زرعی اصلاحات کے کوئی سے چار نکات بیان کریں۔

(6) یونین کونسل سے کیا مراد ہے؟

(7) 1956ء کا آئین کس نے منسوخ کیا؟

(8) واحد شہریت سے کیا مراد ہے؟

(9) مالاکنڈ ڈویژن کیسے تشکیل دیا گیا؟

## (حصہ دوم)

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔

-4 علامہ اقبال کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کریں۔ (08)

-5 جون 1947ء کے منصوبے کے اہم نکات بیان کیجئے۔ (08)

-6 مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیے۔ (08)

الف) جنگلات کی اہمیت بیان کریں۔ ب) قرارداد مقاصد کے اہم نکات کی وضاحت کیجئے۔